سری لنکا انڈر 19 کرکٹ ٹیم پاکستان کا دورہ کرے گی

- **ایک چار روزہ اور پانچ ون ڈے میچ کراچی میں کھیلے گی**

لاہور 2 اکتوبر، 2023:

سری لنکا کی انڈر 19 کرکٹ ٹیم بارہ اکتوبر کو پاکستان پہنچے گی۔

وہ اپنے اس دورے میں پاکستان انڈر 19 کے خلاف ایک چار روزہ اور پانچ ون ڈے میچز کھیلے گی۔

تمام چھ میچز 15 سے 31 اکتوبر تک کراچی کے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔

سری لنکن ٹیم کے دورے کا آغاز 15 اکتوبر کو چار روزہ میچ سے ہوگا جو صبح دس بجے شروع ہوا کرے گا۔

اس کے بعد 22 سے 31 اکتوبر تک ون ڈے سیریز کھیلی جائے گی جس کے میچز صبح ساڑھے نو بجے شروع ہونگے۔

آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ کے لیے مقرر کیے گئے قواعد وضوابط کے تحت وہی کھلاڑی منتخب ہونگے جو یکم ستمبر 2004 کو یا اس کے بعد پیدا ہوئے ہیں۔

یہ پاکستان انڈر19 ٹیم کی اس سال دوسری دوطرفہ سیریز ہوگی۔ اپریل میں پاکستان انڈر19 نے بنگلہ دیش کا دورہ کیا تھا جس میں اس نے ایک چار روزہ ایک ٹی ٹوئنٹی اور پانچ ون ڈے میچ کھیلے تھے اور تینوں فارمیٹس کی سیریز جیتی تھیں جس میں ون ڈے سیریز کی چار ایک کی جیت قابل ذکر تھی۔

گزشتہ نومبر میں بنگلہ دیش کی انڈر19 ٹیم نے پاکستان کا دورہ کیا تھا اور ایک چار روزہ۔ تین ون ڈے اور دو ٹی ٹوئنٹی میچز ملتان میں کھیلے تھے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ عثمان واہلہ کا کہنا ہے کہ وہ سری لنکن انڈر19 ٹیم کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ یہ سیریز نوجوان کرکٹرز کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع فراہم کرے گی اور انہیں آئی سی سی انڈر19 ورلڈ کپ کے لیے مفید تجربہ حاصل ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ ہماری انڈر19 ٹیم نے حال ہی میں بہترین پرفارمنس دی ہے اور یہ ہوم سیریز پاکستان کرکٹ بورڈ کے وژن کی عکاسی کرتی ہے کہ وہ پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے اسٹارز کو ان کی صلاحیتیں نکھارنے کے لیے بھرپور مواقع فراہم کررہا ہے۔ امید ہے کہ یہ سیریز کھیل کی بہترین اسپرٹ کے ساتھ کھیلی جائے گی۔

دورے کا شیڈول اس طرح ہے۔

12 اکتوبر۔ سری لنکا انڈر19 ٹیم کی آمد۔
15 سے 18 اکتوبر۔ چار روزہ میچ۔
22 اکتوبر۔ پہلا ون ڈے۔
24 اکتوبر۔ دوسرا ون ڈے۔
27 اکتوبر۔ تیسرا ون ڈے۔
29 اکتوبر۔ چوتھا ون ڈے۔

31 اکتوبر۔ پانچواں ون ڈے۔

سری لنکن انڈر 19 ٹیم یکم نومبر کو وطن واپس روانہ ہو جائے گی۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial